کی ایک کرسی (........) مستقل طور پر قائم کردی گئی ہے :

یوں عبادت ہو تو زاہد ہیں عبادت کے مزے :

منادی کا یہ نمبر پنجاب کی ہی ایک صدائے بازگشت ہے، اس میں مسلمان اور سکھ ارباب علم و قلم کے لکھے ہوئے اچھے اچھے مضامین ہیں جن میں حضرت بابا فرید کے سوانح حیات، علمی و عملی کمالات، روحانی سلسلہ، طریقت و معرفت، شعر و شاعری، بابا گرو نانک، اُن پر اور گرنتھ صاحب پر حضرت بابا فرید کے اثرات۔ پھر اسی مناسبت سے بزرگان دین کے مجموعہ ہائے ملفوظات پر ایک علمی بحث، غرض کہ ان سب پر روشنی ڈالی گئی ہے، نظمیں بھی بہت خوب ہیں۔ اس نمبر کا مطالعہ مسلم اور غیر مسلم ہر شخص کے لئے ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

شاعر کا قومی یکجہتی نمبر : مرتبہ جناب اعجاز صدیقی۔ ضخامت ۴۵۸ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت -/۱۵ پتہ : قصرالادب بمبئی۔ 400008

شاعر اُردو زبان کا کہن سال اور معیاری ادبی ماہنامہ ہے، اس کے خاص نمبر جس موضوع پر بھی ہوتے ہیں، جامعیت اور مقالات کی نوعیت کے اعتبار سے اُس کا حق ادا کر دیتے ہیں، چنانچہ یہ خاص نمبر بھی جس کا غلغلہ بہت دنوں سے بپا تھا ایسا ہی ہے، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کا خاص موضوع قومی یکجہتی ہے جو ہمارے ملک کی بہت اہم اور اشد ضرورت ہے، لیکن اب تک اس کے حصول میں کامیابی نہیں ہو سکی ہے، اس نمبر میں اس مسئلہ کے ہر پہلو اور گوشہ پر ملک کے مشہور و بلند پایہ دانشوروں نے اس درجہ سیر حاصل گفتگو کی ہے کہ کوئی پہلو تشنہ نہیں رہ گیا ہے۔ پورا نمبر مندرجۂ ذیل ابواب پر تقسیم ہے : (۱) قومی یکجہتی تاریخ اور ثقافت کے پس منظر میں (۲) قومی یکجہتی کا سماجی (۳) مذہبی پس منظر (۴) قومی یکجہتی میں زبانوں کا کردار (۵) اس میں ادب اور آرٹ کا حصہ (۶) سیکولرزم اور قومی یکجہتی کا مسئلہ (۷) فنون لطیفہ اور قومی یکجہتی (۸) قومی یکجہتی کے چند اور مسائل۔ (۹) نغمات یکجہتی جو نظم کے لئے مخصوص ہے۔ قارئین کو ان ابواب اور اُن کے عنوانات سے ہی اس کی جامعیت